| 1۔فروری | سالِ اول عام ایام کا چوتھا اتوار | اتوار |
| --- | --- | --- |

صفن یاہ 2:3؛3:3:12۔13 — زبور 145

1۔قرنتیوں 1:26۔31 — متی 5:1۔12

رنگ سبز

**مرکزی آیت: ''یسوع پہاڑ پر چڑھ گئے۔'' متی 5:1**

پہاڑ پر ''خدا کلام کرتا ہے۔'' یسوع نے اسے سنا اور اس کا کلمہ ہم تک پہنچایا: ''مبارک''۔اب ہم جانتے ہیں کہ باپ ہمیں عزیز رکھتا ہے اور چاہتا ہے کہ ہم ''مبارک'' ہوں۔یعنی اس کے دل میں مکمل طور پر موجود ہوں۔مبارک ہیں حلیم،غمزدہ،رحم دل، پاک دل والے، صلح کروانے والے، وہ جو راستبازی کی خاطر ستائے گئے اور وہ غریب جن کے پاس صرف باپ ہے جس پر وہ بھروسہ کرتے ہیں۔

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................



## یسوع کے ہیکل میں نذر کیئے جانے کی عید

رنگ سفید

ملاکی3:1۔4 یا عبرانیوں2:14۔18 زبور23

لوقا2:22۔40

**مرکزی آیت:''میری آنکھوں نے تیری نجات دیکھی۔''لوقا2:30**

آج ہمارے آرتھوڈکس بھائیوں کی عیدِ ختانتِ مسیح (feast of Hpakant) ہے۔ جو یسوع اور اس کے لوگوں کی ملاقات کا دن بھی کہلاتا ہے۔شمعون ، جو اپنے لوگوں کی وفاداری کا دم بھرتا تھا، ہیکل میں بچہ یسوع کو گود میں اٹھا کر تسلی پاتا ہے۔اور خداوند کی شکرگزاری کرتے ہوئے کہتا ہے:''میری آنکھوں نے تیری نجات دیکھی۔''یسوع سے ملنا اور اس کو پہچاننا ہی ہرانسان کی زندگی کا مقصد اور بھرپوری ہے۔

رنگ سبز

2۔سموئیل 18: 9۔10، 14، 21، 24۔25، 30۔32: 19: 1۔3

زبور 85

مرقس 5: 21۔43

**مرکزی آیت: ''بیٹی، تیرے ایمان نے تجھے خلاصی دی۔'' مرقس 5: 34**

ایک عورت جو بارہ سال سے بیمار تھی، پورے یقین کے ساتھ یسوع کے قریب آئی اوراس کی پوشاک کو اعتماداور بھروسہ کے ساتھ چھوا۔اس کے لئے صرف اتنا ہی کافی ہے، تاکہ وہ شفا پائے۔یسوع نے یہ محسوس کیا اوراس کی مدد کی کہ وہ سب کے سامنے اپنے ایمان کا اقرار کرے۔ پھراس سے کہا: ''تیرے ایمان نے تجھے خلاصی دی ہے۔''اب سے یسوع اس کی تائیداورسہارا بنے گا۔اس کے بعد وہ اسے یہ قوت عطا کرے گا کہ وہ گناہ میں نہ گرے۔

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

2۔سموئیل 2:24،9۔17 زبور 31

رنگ سبز

مرقس 1:6۔6

**مرکزی آیت: ''یہ کیسی حکمت ہے جو اسے دی گئی ہے۔'' مرقس 2:6**

یہ ناصرت کے باشندوں کا سوال ہے، جو اپنے یسوع کی حکمت پر حیران رہ گئے۔ یہ وہی حکمت ہے جو بہت سے خاکسار کاہنوں اور بہت سے ایمانداروں سے ظاہر ہوتی ہے۔ جو مختلف مواقع پر خدا کے کام کے لئے بلائے جاتے ہیں۔ یہی حکمت ان میں بھی بولتی ہے، جو پوشیدہ باپ کو جانتے اور اس سے محبت کرتے ہیں۔ روح القدس ان کے وسیلہ سے کلام کرتا ہے۔

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................



## سینٹ آ گا تھا، کنواری اور شہید

رنگ سبز / سرخ

1۔ملوک 2:1۔4، 10۔12 زبور 1۔قرنتیوں 10:29۔12

مرقس 6:7۔13

### مرکزی آیت: ''مضبوط ہو اور مرد بنو۔'' 1۔ملوک 2:2

ان الفاظ کو سنتے ہی انسان کے ذہن میں فوراً جسمانی طاقت اور وہ تکبر آتا ہے جسے ہر زمانے کی دنیا نے سراہا ہے۔لیکن داؤد اپنے بیٹے سلیمان سے بالکل مختلف طاقت کی بات کر رہا ہے۔ وہ طاقت جو خدا پر بھروسے اور اس کی فرمانبرداری پر مبنی ہے۔ یہی بھروسا اور فرمانبرداری ان بارہ شاگردوں کے ساتھ ہو گی جنہیں یسوع نے بھیجا اور یہی طاقت انہیں بدروحوں کے ساتھ مقابلہ کرنے میں مضبوط بنائے گی۔

..................................................................

..................................................................

..................................................................

..................................................................

..................................................................

..................................................................

..................................................................

..................................................................

..................................................................



## مقدس پال میکی اور ساتھی، شہید

رنگ سبز/سرخ

یشوع بن سیراخ 47:2۔11

زبور 17

مرقس 6:14۔29

### مرکزی آیت: ”اس نے خداوند حق تعالیٰ کو پکارا۔“ یشوع بن سیراخ 47:5

یشوع بن سیراخ کا مصنف ہمیں یاد دلاتا ہے کہ داؤد، ایک لڑکے کی حیثیت سے، صرف اس لئے دیوہیکل جولیت پر غالب آ سکا کیونکہ اس نے خداوند کو پکارا تھا۔ اس نے خدا کو ”آخری سہارا“ کے طور پر نہیں بلکہ ”پہلا قدم“ سمجھ کر ایسے بھروسے کے ساتھ پکارا کہ اس نے خود کو مکمل طور پر خدا کے سپرد کر دیا۔ یہاں تک کہ اپنی جان کی بھی پرواہ نہ کی اور وہ کبھی مایوس نہ ہوا۔

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

| 7۔فروری | سالِ دوئم عام ایام | ہفتہ |
| --- | --- | --- |

1۔ملوک 3:4۔13

زبور 118

رنگ سبز

مرقس 6:30۔34

**مرکزی آیت: ''ذرا الگ چلے آؤ۔'' مرقس 6:31**

یسوع نے بارہ شاگردوں کو اپنے لئے راستہ تیار کرنے کے لئے بھیجا تھا۔انہوں نے اس کی دی ہوئی قدرت سے نشانیاں اور معجزے دکھائے۔ جب وہ جوش وخروش کے ساتھ واپس آئے،تو تھکے ہوئے تھے۔یسوع، جو اچھا چرواہا ہے،اس نے یہ محسوس کیا اور انہیں اپنے ساتھ ایک طرف آ کر آرام کرنے کی دعوت دی۔اے یسوع شکریہ! کہ تو آج بھی ہمیں اپنا نام ظاہر کرنے کے لئے بھیجتا ہے اور ہم سے الگ ہو کر قوت اور خوشی لینے کی دعوت دیتا ہے۔

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

| 8۔فروری | سالِ اوّل عام ایام کا پانچواں اتوار | اتوار |
|---|---|---|

اشعیا7:58۔10
زبور111
1۔قرنتیوں2:1۔5
متی5:13۔16
رنگ سبز

**مرکزی آیت: ''تم زمین کے نمک ہو۔'' متی5:13**

دنیا کے ''آٹے'' میں چھپا ہوا اور ہر طرف پھیلا ہوا نمک کون ہیں؟ یہ وہی ''مبارک لوگ'' ہیں، یعنی حلیم و پاک دل، رحم دل اور صلح کروانے والے، وہ غریب جو باپ کے دل میں ڈوبے ہوئے ہیں۔ جب وہ موجود ہوتے ہیں تو دنیا میں زندگی خوبصورت، محبوب اور خوشیوں سے بھری ہوتی ہے۔ہم یسوع کی خوشی ہیں!

....................................................................

....................................................................

....................................................................

....................................................................

....................................................................

....................................................................

....................................................................

....................................................................

....................................................................

....................................................................

....................................................................

....................................................................

1۔ملوک 8:1۔7،9۔13 زبور 131

رنگ سبز

مرقس 6:53۔56

**مرکزی آیت: ''لوگوں نے اسے پہچان لیا۔'' مرقس 6:54**

یسوع جو حلیم اور فروتن ہے، ''آدم زادوں میں سب سے حسین'' لوگوں نے اسے فوراً پہچان لیا۔ جنہوں نے اسے چھوا، وہ ''نجات پاتے'' اور ان کے دلوں میں ایسی سلامتی اور خوشی محسوس ہوتی جو انہوں نے پہلے کبھی نہ پائی تھی۔

.............................................................

.............................................................

.............................................................

.............................................................

.............................................................

.............................................................

.............................................................

.............................................................

.............................................................

.............................................................

.............................................................

.............................................................

.............................................................



| سینٹ سکولیسٹیکا، کنواری، شہید | رنگ سبز ا سرخ |
|---|---|

1۔ملوک 8:22۔23، 27۔30 زبور 83

مرقس 7:1۔13

**مرکزی آیت: ”اپنے بندہ کی التجا سن لے۔“ 1۔ملوک 8:30**

داؤد کے بیٹے سلیمان بادشاہ نے ہیکل کی تعمیر مکمل کی۔ ہیکل کے افتتاح کی تقریبات کے دوران وہ لوگوں کے سامنے خدا سے اپنے لئے اور قوم کے لئے دعا کرتا ہے۔ ”ان کی سن لے جو اس گھر میں دعا کریں۔“ ”سن اور معاف کر۔“ اے باپ تیرا شکر ہو کہ تو آج بھی ہماری کلیسیا میں دعا سنتا ہے اور ان کے گناہوں کو معاف کرتا ہے جو تجھ سے مانگتے ہیں۔

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................



## لوردس کی مقدسہ مریم بے داغ کنواری

رنگ سبز / سفید

1۔ملوک 10:1-10 ۔ 10
زبور 36
مرقس 7:14-23

### مرکزی آیت: ''خداوند نے تجھے بادشاہ بنایا ہے۔'' 1۔ملوک 9:10

یہ الفاظ سبا کی ملکہ نے سلیمان سے کہے۔ وہ تسلیم کرتی ہے کہ یہ خدا ہی ہے جس نے اسے اسرائیل میں بادشاہ مقرر کیا۔ اگر بادشاہ خدا سے محبت رکھتا ہے تو ساری قوم کو اس کا فائدہ ہوتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ مقدس پولوس ہمیں حکم دیتا ہے کہ ہم حکمرانوں کے لئے دعا کریں۔ کیونکہ ان پر بہت بڑی ذمہ داری ہے، یہاں تک کہ روحانی بھی، اگرچہ وہ خود اس کا ادراک نہ کریں۔

..................................................................

..................................................................

..................................................................

..................................................................

..................................................................

..................................................................

..................................................................

..................................................................

..................................................................

1۔ملوک 11:4۔13 زبور105

رنگ سبز

مرقس 7:24۔30

**مرکزی آیت:"جا،شیطان تیری بیٹی سے نکل گیا ہے۔" مرقس 7:29**

یہ ماں، جو یسوع سے دعا کرتی ہے کہ شیطان اس کی بیٹی کو آزاد کردے، غیر قوم سے تعلق رکھتی ہے۔ یسوع جانتا ہے کہ وہ سب سے پہلے اپنی قوم کے لئے بھیجا گیا ہے۔تاہم، جب وہ دیکھتا ہے کہ یہ عورت اس سے محبت کرتی ہےاور عاجزانہ ایمان کے ساتھ اسے قبول کرتی ہے،تو وہ تسلیم کرتا ہے کہ وہ پہلے ہی آسمانی بادشاہی کا حصہ بن چکی ہے۔اوراب غیر قوم کی نہیں رہی۔وہ نجات کو قبول کرنے کے لئے تیار ہے۔اسی لئے وہ اسے نجات دیتا ہے۔شیطان اس گھر میں نہیں ٹھہر سکتا جہاں یسوع پر عاجزانہ ایمان موجود ہے۔

..............................................................................

..............................................................................

..............................................................................

..............................................................................

..............................................................................

..............................................................................

..............................................................................

..............................................................................

..............................................................................

1۔ملوک 11:29۔32؛ 12:19 زبور 80

رنگ سبز

مرقس 7:31۔37

**مرکزی آیت: ''اس نے آہ بھری اور اس سے کہا: ''افتح، یعنی کھل جا!'' مرقس 7:34**

ایک بہرہ اور گونگا شخص یسوع کے پاس لایا گیا تاکہ وہ اسے شفا دے۔ یسوع اسے ایک طرف لے جاتا ہے۔اس کے کانوں میں اپنی انگلیاں ڈالتا ہے،لعاب سے اس کی زبان کو چھوتا ہے اور آسمان کی طرف دیکھ کر کہتا ہے: ''کھل جا!'' اور وہ شخص شفا پا جاتا ہے۔کلیسیا ساکرامنٹوں کے ذریعے، آج بھی ہمارے کانوں کو خدا کے کلام کو سننے کے لئے اور ہمارے منہ کو دوسروں تک یہ پیغام پہنچانے کے لئے کھولتی رہتی ہے۔

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................



## مقدس سرل اور میتھوڈیس یورپ کے مربی

رنگ سبز / سفید

اعمال13:46۔49

زبور116

لوقا10:1۔9

### مرکزی آیت: ''اگر صلح کا فرزند ادھر ہو۔۔۔''لوقا10:6

''۔۔۔تو تمہارا سلام اس پر ٹھہرے گا۔۔۔'' آج دو مشنریوں کی عید ہے، جن کے وسیلے سے ہم ان مشنریوں کو بھی خدا کے سپرد کر سکتے ہیں جو آج یورپ میں ہمارے درمیان موجود ہیں۔ ان میں سے ایک نے نوجوانوں کو اس یقین کے ساتھ ہفتہ وار دعائیہ اجتماع میں شرکت کی دعوت دی کہ یسوع اُن کی تربیت کرے گا اور اپنی صلح کے آلہ کار بنائے گا۔ کچھ نوجوان ثابت قدم رہے اَور وہ واقعی اپنی پیرش کے لئے محبت اور روشنی کی آگ بن گئے۔

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

یشوع بن سیراخ 15:15۔20 | زبور 118

1۔قرنتیوں 6:2۔10 | متی 17:5۔37

رنگ جامنی

**مرکزی آیت: ''تمہارا کلام ہاں۔ہاں ہی ہو۔تمہاری نہیں۔نہیں۔'' متی 37:5**

یسوع اپنے شاگردوں کو آسمانی بادشاہی کے نئے ''انصاف'' کے بارے وضاحت کر رہا ہے۔جس کا تعلق خدا اور آدمیوں کے ساتھ تعلقات میں زندگی کے ہر پہلو سے ہے۔اور یہ ہمیشہ اس کی محبت سے شروع ہوگا۔اس نئے انصاف میں بول چال بھی شامل ہے۔یہ ان لوگوں کی طرح سادہ، مخلص اور بناوٹی پن سے پاک ہو گی جو یہ جانتے ہیں کہ آسمانی باپ انہیں سن رہا ہے۔

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

| 16۔فروری | سالِ دوئم عام ایام | سوموار |
|---|---|---|

یعقوب 1:1۔11 زبور 118

رنگ سبز

مرقس 8:11۔13

**مرکزی آیت: ''تمہارے ایمان کی آزمائش صبر پیدا کرتی ہے۔'' یعقوب 3:1**

یعقوب رسول اپنے تارکینِ وطن بھائیوں سے مخاطب ہے۔ یعنی جو یروشلم سے دور غیر قوموں کے درمیان بکھرے ہوئے ہیں۔ ہم اس حوصلہ افزائی کو اپنے لئے بھی لیتے ہیں جو ان کے واسطے تھی۔ ایمان کی ہر آزمائش جو ہم خداوند پر بھروسہ رکھ کر سہہ لیتے ہیں، ہمیں صبر میں مضبوط کرتی ہے۔ اور یہی صبر ہمیں یسوع کے ساتھ زیادہ گہرا تعلق پیدا کرنے اور اس کے ساتھ جڑے رہنے میں مدد دیتا ہے۔

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................



مقدسہ مریم کے خادموں کی جماعت کے سات بانی

رنگ سبز / سفید

یعقوب 1:12۔18

زبور 93

مرقس 8:14۔21

**مرکزی آیت:"تم کیوں یہ بحث کرتے ہو کہ تمہارے پاس روٹی نہیں ہے۔" مرقس 8:17**

ہماری میٹنگوں میں کتنی فکرمندی اور مایوسی کی باتیں ہوتی ہیں۔اب ایمان باقی نہیں رہا۔نوجوان کم ہیں،عبادات کی تعداد کم ہوگئی ہے۔لیکن یسوع آج بھی ہم سے یہی سوال دہراتا ہے۔جیسے شاگردوں کے پاس کشتی میں صرف "ایک روٹی"،یعنی خود یسوع تھا،ویسے ہی وہ آج بھی ہمارے ساتھ ہے۔یہاں،ابھی،وہی ہماری زندگی ہے،ہماری خوشی ہے،ہمارا نجات دہندہ ہے،جو مداخلت کرتا ہے تاکہ ہمیں خوراک دے اور بچائے۔

..................................................

..................................................

..................................................

..................................................

..................................................

..................................................

..................................................

..................................................

| 18۔فروری | سالِ دوئم روزوں کے ایام | بدھ |
|---|---|---|




| راکھ کا بدھ | رنگ جامنی |
|---|---|

| | |
|---|---|
| یوئیل 2:12۔18 | زبور 50 |
| 2۔قرنتھیوں 5:20،6:2 | متی 6:1۔6،16۔18 |

## مرکزی آیت: ''اپنے باپ سے پوشیدگی میں دعا کر۔'' متی 6:6

عیدِ قیامت المسیح کی تیاری کے دنوں کے آغاز پر یسوع ہمیں بتاتا ہے کہ ہمیں کس طرح سخاوت، روزہ اور دعا کے ذریعے ایسٹر کی گواہی دینی ہے۔اس دوران ہم جو کچھ بھی کریں گے، وہ باپ کی محبت میں کریں تاکہ اسے جلال ملے، نہ کہ لوگوں پر اچھا تاثر ڈالنے کے لئے۔ وہی ہمیں نئی زندگی کے ساتھ تازہ کرے گا اور اجر دے گا۔

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

تثنیہ شرع 30:15۔20

زبور 1

رنگ جامنی

مرقس 9:22۔25

## مرکزی آیت: ''پس تو زندگی کو چن لے۔'' تثنیہ شرع 19:30

خداوند کے نام پر موسیٰ کہتا ہے: ''تا کہ تو اور تیری نسل زندہ رہے، خداوند سے محبت رکھے، اس کی آواز سنے اور اس سے وابستہ رہے۔'' ہم اپنی اور قوموں کی زندگی میں بھی ایسا ہی دیکھتے ہیں۔ ہم دیکھتے ہیں کہ یہی سچ ہے۔ روزوں کا یہ وقت ہمارے لئے عزم، استقامت اور وفاداری کے ساتھ جینے کا ایک قیمتی موقع ہوگا۔

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

| 20۔فروری | سالِ دوئم روزوں کے ایام | جمعہ |
|---|---|---|

اشعیا58:1۔9

زبور50

رنگ جامنی

متی9:14۔15

**مرکزی آیت: ''تب تو پکارے گا اور خداوند جواب دے گا۔'' اشعیا58:9**

''روزوں کے ایام'' دعا کرنے کا مقدس وقت ہے۔نبیوں نے پہلے ہی خدا کے لوگوں کو یاد دلایا تھا کہ خدا ان کی سنتا ہے جو پاکیزہ اور فعال محبت میں اس کی زندگی جیتے ہیں۔یسوع بھی یہی بات زور دے کر کہے گا۔اس کی آواز آج بھی کلیسیا میں گونج رہی ہے۔میں اس کی محبت کو عملی طور پر اپنانے میں محتاط رہوں گا۔تب خداوند میری دعا کو قبول کرے گا اور مجھے روح القدس سے بھر دے گا۔

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................



## سینٹ پیٹر دامیانی، بشپ اور کلیسیائی معلم

رنگ جامنی

اشعیا 58:9۔14

زبور 85

لوقا 5:27۔32

**مرکزی آیت: ''خداوند ہمیشہ تمہاری رہنمائی کرے گا۔'' اشعیا 58:11**

خداوند پر بھروسہ کرنا، اس کے کلام کو اہمیت دینا اور اس کی محبت کو اپنے دل میں جگہ دینا، اس کی شفاعت کو دیکھنے کا راستہ ہے۔ اگر میں اپنی زندگی میں اس کی محبت کی رہنمائی قبول کرتا ہوں اور اس کے مطابق جینے کی کوشش کرتا ہوں تو خداوند خود مجھے رہنمائی دے گا اور میرے اردگرد وہ سکون، راحت اور اطمینان پھیلائے گا جس کی ہم سب کو پیاس ہے۔

.......................................................................

.......................................................................

.......................................................................

.......................................................................

.......................................................................

.......................................................................

.......................................................................

.......................................................................

.......................................................................

.......................................................................

| 22۔فروری | سالِ اوّل روزوں کے ایام کا پہلا اتوار | اتوار |
|---|---|---|

تکوین2:7۔9؛ 3:1۔7 زبور50

رومیوں5:12۔19 متی4:1۔11

رنگ جامنی

**مرکزی آیت: ''تو اپنے خداوند کی پرستش کرے گا۔'' متی4:10**

یسوع اپنے دل وجان سے باپ کے ساتھ محبت کرتا ہے اور چالیس دنوں تک بیابان میں روزہ رکھ کر یہ محبت ظاہر کرتا ہے۔ اس کی آزمائش کرنے والا شیطان، اسے بیٹا ہونے سے باز نہیں رکھ سکتا۔ اس کے جواب سے ایسا لگتا ہے جیسے یسوع نے شیطان سے کہا: ''اگر میں خدا کا بیٹا ہوں، تو وہ مجھے بتائے گا کہ کیا کرنا ہے۔'' ہم یسوع کی تقلید کریں گے۔

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................


..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................



## سینٹ پولیکارپ، بشپ اور شہید

رنگ جامنی

احبار19: 1۔2، 11۔18

زبور18

متی25: 31۔46

**مرکزی آیت: ''آؤ، میرے باپ کے مبارک لوگو۔'' متی25: 34**

ہم کتنی شدت کے ساتھ چاہتے ہیں کہ یسوع جب اپنے جلال میں واپس آئے تو ہمیں بھی مدعو کرے گا۔ یہ ایک ایسا عظیم تحفہ ہوگا، جس کے لئے ہم پورے اعتماد کے ساتھ منتظر ہیں۔ سمرنا کی کلیسیا کے باپ مقدس پولیکارپ ہمارے اور ترکی کی کلیسیا کے لئے شفاعت کرے، جو ہمارے لئے بہت عزیز ہے۔

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

اشعیا55:10۔11 زبور33

رنگ جامنی

متی6:7۔15

## مرکزی آیت:''ہمارا باپ!'' متی6:9

اے یسوع! ہمیں یہ سکھانے کے لئے تیرا شکر ادا کرتے ہیں کہ ہم خدا کی طرف رجوع کریں، جیسے تو نے خدا کو اپنا اور ہمارا باپ سمجھا، اسی کی تو نے ہمیشہ سنی اور تابعداری کی۔ تیرا شکر ہو کہ تو نے ہمیں اسی طرح اس کی مرضی پورا کرنا سکھایا، جس طرح تو نے اپنے خون پسینے کے ساتھ موت کو گلے لگا کر اس کی مرضی پوری کی۔ اَور ہم جو آپ پر ایمان رکھتے ہیں، خدا کو ''ہمارا باپ'' کہہ سکتے ہیں۔ آمین!

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

یوحنا3:1۔10

زبور50

رنگ جامنی

لوقا11:29۔32

**مرکزی آیت:"یہاں سلیمان سے بڑا ایک شخص ہے۔"لوقا11:31**

ہم سنتے ہیں کہ یسوع ان لوگوں کو ملامت کرتا ہے جو صرف اس کے معجزوں کا پیچھا کرتے ہیں۔لیکن اسے مسیحا کے طور پر قبول نہیں کرتے، جو اطاعت کے لائق ہے۔انہوں نے اس کی حکمت والی بات سنی، جو سلیمان بادشاہ کی باتوں سے کہیں زیادہ عظیم تھی۔ہم، یسوع کی کلیسیا، عاجز ہو کے احتیاط کریں گے کہ خود کو نہ صرف مسیحی کہیں بلکہ مسیحی بن کر اس کی محبت میں قائم رہتے ہوئے جئیں۔

استیر 14:1، 3۔5، 12۔14 زبور 137

رنگ جامنی

متی 7:7۔12

## مرکزی آیت: ''مانگو تو تمہیں دیا جائے گا۔'' متی 7:7

ہم مانگتے ہیں اور ہمیں نہیں ملتا۔ کوئی بات نہیں۔ باپ خوش ہے کہ ہم اس کی طرف رجوع کرتے رہتے ہیں۔ ورنہ ہمیں زندگی نہیں ملتی۔ وہ ہمیشہ ہماری دعا کا جواب دیتا ہے، شاید جیسا ہم چاہتے ہیں، ویسا نہیں، لیکن وہ ہمیشہ ہمیں روح القدس دیتا ہے، جو ہمارے ارمانوں سے کہیں زیادہ ہے۔

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

حزقیال 18:21۔28 زبور 129

رنگ جامنی

متی 5:20۔26

**مرکزی آیت: ''جو کوئی اپنے بھائی پر غصہ کرے، وہ عدالت میں سزا کے لائق ہوگا۔'' متی 5:22**

یسوع اس انصاف کا اعلان کرتا ہے، جو فریسیوں کی فہم و عمل کے مقابلے میں بالکل نیا ہے۔ کتنے عرصہ تک میں بے ثمر عبادات میں انصاف تلاش کرتا رہا، مگر کبھی نہ پایا۔ یسوع نے مجھے بیدار کیا کہ اگر میں اپنے بھائی پر غصہ کرتا ہوں، تو میں اپنے خدا سے محبت نہیں کرتا۔ اس کی طرف واپس جانے اور راستباز ہونے کے لئے میں توبہ کروں گا اور دل سے معافی مانگوں گا۔

..................................................

..................................................

..................................................

..................................................

..................................................

..................................................

..................................................

..................................................

..................................................

..................................................

..................................................

تثنیہ شرع 16:26۔19 زبور 118

رنگ جامنی

متی 43:5۔48

**مرکزی آیت: ''تم خداوند اپنے خدا کے مخصوص لوگ ہو گے۔'' تثنیہ شرع 19:26**

بہ حیثیت مسیحی، ہمارے لئے کتنی خوشی کی بات ہے کہ ہم اس کی کلیسیا ہیں۔ ہم اسی روح القدس کو اپنے اندر جینے دیں گے، جسے یسوع نے ہمیں بپتسمہ میں دیا۔ ہم اس کے گواہ بنیں گے۔ اس کے کلام کو سننے، اس پر عمل کرنے، اسے دوسروں تک پہنچانے اور سب کچھ چھوڑ کر اس کی پیروری کرنے کے لئے تیار رہیں گے۔

............................................................

............................................................

............................................................

............................................................

............................................................

............................................................

............................................................

............................................................

............................................................

............................................................

............................................................

............................................................